05/05/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں بصارت گل

بڈگام پد یاترا

نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت آج وسطی کشمیر کے بڈگام ضلع میں ایک بڑی پد یاترا کا انعقاد ہورہاہے۔پد یاترا کولیفٹنٹ گورنر منوج سنہا صبح ساڑھے دس بجے نیو بس اسٹیڈبڈگام سے جھنڈی دکھاکر روانہ کریں گے۔ اس پد یاترا میں سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے افراد شرکت کر رہے ہیں۔

اننت ناگ

رواں مہینے کی 9تاریخ کو اننت ناگ میں بھی اسی طرح کی ایک پد یاترا کا انعقاد ہو رہا ہے۔ ضلع کے ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے کل افسران کی ایک میٹنگ میں اس یاترا کیلئے کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوننے مختلف محکموں کے درمیان قریبی تال میل کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے پد یاترا کیلئے تمام تیاریاں مکمل کرنے کی ہدایت دی۔

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے طلباءاتھلیٹس پر زور دیا ہے کہ وہ نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے سفیر بن کر جموں کشمیر کو اس لعنت سے پاک کرنے میں اپنا کلیدی رول ادا کریں ۔

یونیورسٹی آف کشمیر میں آ ل انڈیا انٹر یونیورسٹی ووشو چمپئن شپ کا افتتاح کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ انتظامیہ تمام اعلیٰ تعلیمی اداروں میں ایک فعال سپورٹس کلچر قائم کرنے اور ہر ایک طالب علم کو مساوی مواقعے فراہم کرنے کی وعدہ بند ہے ۔

....

اس موقعے پر کشمیر یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان ، کمشنر سیکریٹری یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس کے کمشنر سیکریٹری شاہد اقبال چودھری اور کئی دیگر افسران بھی موجود تھے۔

ملاقات

صحت و خاندانی بہبود، کی وزیر مملکت انو پریا پٹیل نے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔ اترپردیش کے تکنیکی تعلیم کے وزیر آشیش سنگھ پٹیل بھی ان کے ہمراہ تھے۔

اس دوران وزارت خزانہ کی پارلیمانی قائمہ کمیٹی جس کی سربراہی بھرتروہری مہتاب کر رہے تھے، نے بھی لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔

طار ق گانی

ایسوسییٹڈ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کشمیر کے ایک وفد نے چیمبر کے صدر طارق گانی کی قیادت میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی اور کاروباری برادری کو درپیش مختلف مسائل ان کی نوٹس میں لائے۔

وفد نے لیفٹیننٹ گورنر کو سرینگر میں منعقدہ تاریخی   ”نشہ مکت جموں و کشمیر“مہم اور پدیاترا کے کامیاب انعقاد پر مبارکباد بھی پیش کی اور منشیات سے پاک معاشرہ تشکیل دینے اور نوجوانوں کے مستقبل کے تحفظ کے لیے اس اقدام کو سراہا۔

شیخ اعجاز

ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے جموں کشمیر کے تمام کالجوں میں تعلیمی سال 2026-27 کے لئے چار سالہ انڈر گریجویٹ پروگراموں کے داخلے کا اعلان کیا ہے ۔ PG پروگرام اور پانچ سالہ انٹگریٹڈ

اس سلسلے میں ڈائریکٹر کالجز جموں کشمیر ڈاکٹر شیخ اعجاز بشیر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

سکاسٹ

نے کل شیر کشمیر AK Sood کے ڈپٹی منیجنگ ڈائریکٹر ڈاکٹر NABARD نیشنل بینک فار ایگریکلچر اینڈ رورل ڈیولپمنٹ یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر کے شالیمار کیمپس کا دورہ کرکے رورل بزنس Incubation سینٹرمیں زرعی تجارت اور دیہی کار خانہ داری کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔

یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی نے انہیں اس بارے میں تفصیلی جانکاری دی ۔

گاندربل

ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور نے ضلع افسران کی ایک میٹنگ میں سالانہ ماتا کھیر بھوانی میلہ 2026 کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ یہ میلہ 22 جون 2026 کو منعقد ہوگا۔

انہوں نے کہا کہ 2025 میں اس میلے میں15ہزارسے زائد عقیدت مندوں نے شرکت کی تھی۔میٹنگ میں بتایا گیا کہ ماتا کھیر بھوانی مندر احاطہ اور سینٹرل یونیورسٹی آف کشمیر، تولہ مولہ کیمپس کو مرکزی قیام گاہوں کے طور پر نامزد کیا گیا ہے۔

ڈپٹی کمشنر نے میلے کے احسن انعقاد کے لئے مختلف محکموں کے مابین قریبی تال میل کی ضرورت پر زور دیا۔میٹنگ میں دھر مرتھ ٹرسٹ، سماج سدھار کمیٹی اور کشمیری پنڈت برادری کے نمائندوں کی جانب سے اُبھارے گئے مسائل پر بھی غور کیا گیا اور متعلقہ افسران کو ہدایت دی گئی کہ انہیں ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے۔

بانڈی پورہ

بانڈی پورہ کی ڈپٹی کمشنر اندو کنول چب نے ضلع میں سوچھ بھارت مشن گرامین کی موثر عمل آوری اور نشہ مکت بھارت ابھیان کو کامیاب بنانے کی ضرورت پر زوردیا ہے ۔ ضلع افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران ڈپٹی کمشنر نے تمام محکموں کو اس ضمن میں ذمہ داران رول ادا کرنے کی ہدایت دی ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 9اعشاریہ9ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ 17اعشاریہ8 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ